صوبائی اسمبلی شمال مغربی سرحدی صوبہ

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز پیر مورخہ 19 جنوری 2009 بمطابق 21 محرم الحرام 1430 ہجری دوپہر دو بجکر پچاس منٹ پر منعقد ہوا۔

جناب سپیکر، کرامت اللہ خان مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

تلاوت کلام پاک اور اس کا ترجمہ

اَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیمِ۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیمِ۔

فَإِنْ ءَامَنُواْ بِمِثْلِ مَآ ءَامَنتُم بِهِۦ فَقَدِ ٱهْتَدَواْ ۖ وَّإِن تَوَلَّوْاْ فَإِنَّمَا هُمْ فِى شِقَاقٍ ۖ فَسَيَكْفِيكَهُمُ ٱللَّهُ ۚ وَهُوَ ٱلسَّمِيعُ ٱلْعَلِيمُ0 صِبْغَةَ ٱللَّهِ ۖ وَمَنْ أَحْسَنُ مِنَ ٱللَّهِ صِبْغَةً ۖ وَنَحْنُ لَهُۥ عَٰبِدُونَ۔(صَدَقَ ٱللَّهُ ٱلْعَظِيمِ)۔ (پارہ اول، سورہ بقرہ، آیت تا)

(ترجمہ): تو اگر یہ لوگ بھی اسی طرح ایمان لے آئیں جس طرح تم ایمان لے آئے ہو تو ہدایت یاب ہو جائیں اور اگر منہ پھیر لیں (اور نہ مانیں) تو وہ (تمہارے) مخالف ہیں اور ان کے مقابلے میں تمہیں خدا کافی ہے اور وہ سننے والا (اور) جاننے والا ہے۔ (کہہ دو کہ ہم نے) خدا کا رنگ (اختیار کر لیا ہے) اور خدا سے بہتر رنگ کس کا ہو سکتا ہے اور ہم اسی کی عبادت کرنے والے ہیں۔ و آخِرُ الدَعوَانا أَنِ ٱلْحَمْدُ لِلَّهِ رَبِّ ٱلْعَٰلَمِينَ۔

نشانزدہ سوالات اوران کے جوابات

Mr. Speaker: 'Questions' Hour': Question No. 145, Syed Qalb- e-Hassan Sahib.

* 145۔ سید قلب حسن: کیاوزیرداخلہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ Access to Justice Programme کے تحت محکمہ پراسیکیوشن کیلئے فنڈ مہیا کیا گیا تھا;

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو فنڈ کی مالیت کتنی تھی، اب تک کتنی رقم کہاں کہاں استعمال ہوئی ہے، مکمل تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب امیر حیدر خان (وزیراعلیٰ) (جواب وزیر قانون نے پڑھا): (الف) جی ہاں، یہ درست ہے۔

(ب) صوبائی حکومت نے 'حصول انصاف تک رسائی پروگرام' کے تحت آزاد پراسیکیوشن سروس کے قیام کیلئے ایشیائی ترقیاتی بینک کے تعاون سے مبلغ 79.459 ملین روپے کے فنڈز جاری کیے جس کی باقاعدہ منظوری صوبائی ترقیاتی ورکنگ پارٹی (پی ڈی ڈبلیو پی) نے مورخہ 01/12/2005 کو دی تھی۔ مختلف محکموں کو درج ذیل حساب سے فنڈز مختص کئے گئے تھے:

نمبر شمار	محکمہ	فیصدی
01	پشاور ہائی کورٹ	71%
02	محکمہ پولیس	11%
03	محکمہ قانون	7%
04	محکمہ داخلہ و قبائلی امور (بشمول جیل اور پراسیکیوشن)	2%
05	غیر مختص شدہ	9%

منظوری شدہ پی سی ون کے مندرجات کی رو سے پراسیکیوشن ڈائریکٹوریٹ نے پراسیکوشن کیلئے پانچ عدد گاڑیاں خریدیں، ڈائریکٹوریٹ اور ماتحت ضلعی دفاتر کا قیام عمل میں لایا گیا، ٹیلیفون، ائرکنڈیشنز، کمپیوٹرز، فوٹوسٹیٹ مشین، فیکس مشین، فرنیچر، الماریاں اور قانونی کتب خریدے گئے۔ مزید براں پراسیکیوشن ڈائریکٹوریٹ میں کی پنچ آپریٹرز، چوکیدار، ڈرائیور اور خاکروب بھرتی کئے گئے۔ ان تمام دفتری اشیاء اور ملازمین کی تنخواہوں پر کل 30.905 ملین روپے خرچ ہوئے اور بقایا 48 ملین روپے بابت منتقلی برائے

تعمیر ضلعی دفاتر پراسیکیوشن صوبائی محکمہ خزانہ کو واپس کر دیئے گئے، ان اخراجات کی مزید تفصیل درج ذیل ہے:

تفصیل	اخراجات روپوں میں	ہیڈآف اکاؤنٹ
بنیادی تنخواہ برائے افسران	-608897/	AO11- 1
بنیادی تنخواہ برائے ماتحت عملہ	-4246095/	AO11- 2
مروجہ مراعات	-2725979/	AO12- 1
دیگر ضروری الاؤنسز	-165819/	AO12- 2
اخراجات برائے آپریٹنگ کاسٹ	-3052426/	AO- 3
سفری اخراجات	-84708/	TA
خریداری اثاثہ جات	-19948736/	AO- 9
مرمتی اخراجات	-72044/	AO- 13
کل خرچہ	30.904704 ملین روپے	

Mr. Speaker: Any supplementary question?

سید قلب حسن: یس سر۔ سر، دیکښے سپلیمنټری کوئسچن یو دا دے چه محکمه پولیس ته که تاسو اوګورئ %11 او غیر مختص شده %9، منسټر صاحب د دا وضاحت اوکړی چه د دے غیر مختص شده څه مطلب دے؟ ولے چه محکمه پولیس یو اهمه محکمه ده، هغوی ته %11 دی او غیر مختص شده %9 دی۔ ورسره سر، بل یو ضمنی کوئسچن دا دے چه دوئ ته 79.45 ملین روپئ منظورے شوے وے، دیکښے دوئ تر اوسه پورے تیس ملین لګولی دی او اړتالیس ملین دوئ نه Lapse شوے دی، دا ولے؟

مفتی کفایت اللہ: جناب سپیکر۔

جناب سپیکر: جی مفتی کفایت اللہ صاحب، سپلیمنٹری کوئسچن۔

مفتی کفایت اللہ: شکریہ جی۔ یہ سوال (ب) کے جواب میں پانچویں نمبر پر ہے 'غیر مختص شدہ رقم'، اس میں جی بتایا جاتا ہے کہ ہم نے کچھ پیسوں سے گاڑیاں خریدیں، ڈائریکٹوریٹ اور ضلعی دفاتر کا قیام عمل میں لایا گیا اور آخر میں یہ کہتے ہیں کہ آڑتالیس ملین روپے بابت منتقلی برائے تعمیر ضلعی دفاتر پراسکیوشن

صوبائی محکمہ خزانہ کو واپس کر دیئے گئے، یہ خود بھی دفتر بنا رہے ہیں اور صوبائی محکمہ خزانہ کو بھی واپس کر رہے ہیں اور آڑتالیس ملین روپے جو انہوں نے واپس کئے، یہ کیوں واپس کیے اور اب یہ رقم اندھیرے میں کیوں ہے؟ اس کی ذرا وضاحت کر دی جائے۔

جناب سپیکر: جی منسٹر لاء، پلیز جواب دیں۔

وزیر قانون: تھینک یو جی۔ سب سے پہلے یہ کہ 9% جو غیر مختص شدہ ہیں، یہ ایک پالیسی کے تحت فیڈرل گورنمنٹ کے Undertaking میں اس کا فیصلہ ہوا تھا کہ اگر کسی کی ضروریات زیادہ ہوئیں تو ان کو پھر ایک میٹنگ کے بعد ایک خاص رقم Allocate کی جائیگی تو اس کیلئے رکھا ہے، Miscellaneous خرچ کیلئے، یا اگر ایک ڈیپارٹمنٹ کے خرچ پی سی ون سے زیادہ ہوتے ہیں تو Actual اس کے Expenses زیادہ ہوتے ہیں تو اس کیلئے یہ 9% رکھا گیا ہے، کمی بیشی کو پورا کرنے کیلئے۔ جہاں تک آڑتالیس ملین جو واپس کئے گئے ہیں، اس کا یہ ہے کہ یہ 30 جون کو Lapse ہو جاتے ہیں، جولائی میں یہ دوبارہ Renew ہو جاتے ہیں، تو یہ کوئی ایسی Permanent lapse نہیں ہوتی، اسی پراسیکیوشن کے پیسے ہیں اور یہ 2011 تک Extend ہوا ہے تو انشاء اللہ یہ پیسے لگائیں گے اور پھر ہاؤس کو بھی بتائیں گے کہ کس طریقے سے لگے ہیں۔

Mr. Speaker: Next Question, Question No. 153, Syed Qalb-e-Hassan Sahib.

* 153۔ سید قلب حسن: کیا وزیر داخلہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(ا) آیا یہ درست ہے کہ دوسرے صوبوں میں پراسیکیوشن کا علیحدہ محکمہ ہے اور ان کا علیحدہ معتمد (سیکرٹری) ہے؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ صوبہ سرحد میں ڈائریکٹوریٹ آف پراسیکیوشن باقی صوبوں کی طرح آزادانہ طور پر کام کر رہا ہے؛

(ج) آیا یہ بھی درست ہے کہ دوسرے تین صوبوں میں پبلک پراسیکیوٹر، ڈپٹی پبلک پراسیکیوٹر اور اسسٹنٹ پبلک پراسیکیوٹر (پی پی) کے عہدے بالترتیب گریڈ سترہ، گریڈ اٹھارہ اور گریڈ انیس میں اپ گریڈ ہو چکے ہیں؛

(د) آیا یہ بھی درست ہے کہ صوبہ سرحد میں یہی عہدیدار تاحال بالترتیب گریڈ سولہ، سترہ اور گریڈ اٹھارہ میں کام کر رہے ہیں؛

(ہ) آیا یہ بھی درست ہے کہ دیگر صوبوں کی طرح پراسیکیوشن افسران کو سپیشل الاؤنس دیئے جاتے ہیں جبکہ صوبہ سرحد میں کوئی الاؤنس نہیں دیا جاتا؛

(و) اگر (الف) تا (ہ) کے جوابات اثبات میں ہوں تو حکومت نے اس سلسلے میں کیا اقدامات کئے ہیں، تفصیل فراہم کی جائے، نیز ڈائریکٹر جنرل، ڈائریکٹر لیگل اور ڈائریکٹر ایڈمن (پراسیکیوشن) کی قانونی پوزیشن کے بارے میں تفصیلات فراہم کی جائیں؟

<u>جناب وزیر اعلیٰ</u> (جواب وزیر قانون نے پڑھا): (الف) یہ درست ہے کہ صوبہ پنجاب اور صوبہ سندھ میں پراسیکیوشن کے علیحدہ محکمہ جات ہیں اور ان کے معتمدین بھی علیحدہ علیحدہ ہیں جبکہ صوبہ بلوچستان میں فوجداری اور دیوانی مقدمات کی تقسیم ہو گئی ہے۔ فوجداری مقدمات محکمہ داخلہ اور دیوانی مقدمات کی ذمہ داری محکمہ قانون، پارلیمانی امور اور بشری حقوق کے سپرد کر دی گئی ہے۔

(ب) یہ درست ہے۔

(ج) یہ بھی درست ہے کہ پاکستان میں ماسوائے صوبہ سرحد کے باقی تمام صوبوں میں پراسیکیوٹرز (سرکاری وکلاء) کی آسامیوں کی بلند درجگی ہوئی ہے۔

(د) یہ درست ہے لیکن محکمہ ہذا نے ڈسٹرکٹ پبلک پراسیکوٹر کی چوبیس آسامیوں کی بلند درجگی از بنیادی تنخواہ سکیل اٹھارہ سے انیس کا کیس بوساطت محکمہ خزانہ، جناب وزیر اعلیٰ صاحب کی منظوری کیلئے بھجوایا ہے لیکن تاحال مجاز حاکم نے بلند درجگی کی منظوری کا حکم ابھی تک صادر نہیں فرمایا۔

(ہ) یہ درست ہے کیونکہ ہمارا صوبہ معاشی طور پر اتنا مستحکم نہیں کہ وہ ان خصوصی الاؤنسز کی اجراء کر سکے۔

(و) ڈائریکٹر جنرل، ڈائریکٹر لیگل اور ڈائریکٹر ایڈمن پراسیکیوشن کی تقرری کی قانونی حیثیت کچھ یوں ہے:

(1) ڈائریکٹر جنرل: صوبائی حکومت نے سابق ڈائریکٹر جنرل پراسیکیوشن کی کنٹریکٹ تعیناتی کو مورخہ 27 اگست 2008 کو منسوخ کر کے محمد اکبر خان جو کہ (PCS EG) کے آفیسر ہے، کی تعیناتی کے احکامات جاری کئے جو کہ پراسیکیوشن سروس رولز 2005 کے عین مطابق ہے۔

(2) ڈائریکٹر لیگل: صوبائی حکومت نے سلیم محمد، پبلک پراسیکیوٹر جو کہ پراسیکیوشن سروس کے آفیسر ہے، کو ڈائریکٹر لیگل کی آسامی پر مورخہ 24 دسمبر 2008 کو تعینات کیا اور سابق ڈائریکٹر لیگل رضوان اللہ

کو صوبائی سرپلس پول میں رپورٹ کرنے کے احکامات جاری کئے جو کہ پراسیکیوشن سروس رولز 2005 کے عین مطابق ہے۔

(3) ڈائریکٹر ایڈمنسٹریشن: صوبائی حکومت نے سابق ڈائریکٹر ایڈمنسٹریشن پراسیکیوشن کی کنٹریکٹ تعیناتی کو مورخہ 5 ستمبر 2008 کو منسوخ کرکے محمد فہیم جان جو کہ پراسیکیوشن سروس کے آفیسر ہے، کے تعیناتی کے احکامات جاری کئے جو کہ پراسیکیوشن سروس رولز 2005 کے عین مطابق ہے۔

(4) پراسیکیوشن ڈائریکٹوریٹ میں بتیس عدد پبلک پراسیکیوٹرز کی خالی آسامیوں کو مروجہ قانون کے مطابق صوبائی سلیکشن بورڈ کی سفارش پر ترقی دے کر خالی جگھوں پر تعیناتی کے احکامات جاری کئے۔

Mr. Speaker: Any supplementary question?

سید قلب حسن: یس، سر۔ دا ډیر ضروری غوندے کوئسچن دے۔ سر، دیکښے که تاسو پهلا سوال (الف) اوګورئ نو هغے کښے ما دا ګزارش کړے دے چه نورو صوبو کښے پراسیکیوشن د پاره بیل یو خپل سیکرټری دے، زمونږ په صوبه سرحد کښے ولے نشته؟ یو خو دغه ضمنی کوئسچن دے ورکښے او بل سر، دیکښے تاسو اوګورئ (ج)، (د) او (ه) کښے دوئ، وزیر اعلیٰ صاحب ناست دے، دا سمری چیف منسټر صاحب ته تلے ده او که دوئ مونږ ته وضاحت اوکړی چه دا آسامیانے چه اوسه پورے اناؤنس شوے نه دی، د دے Reason څه دے؟ یو اهم ضمنی کوئسچن ورکښے دا دے سر، که تاسو اخری پیج باندے اوګورئ که "ڈائریکٹر لیگل"، دلته کښے زما په خیال کښے دوئ غلط بیانی کړے ده، پبلک پراسیکیوټر دوئ چه کوم دلته لیکلے دے، سلیم خان، سلیم محمد صاحب، دا 24 دسمبر 2008 کښے چه کله زما کوئسچن راغلو، دوئ تعینات کړو خو چه د دے سوال کله دوئ جواب راکړو، هغے نه بعد ئے دوباره هغه د دے پوسټ نه لرے کړے دے۔ که د دے شی لږ غوندے ما ته دوئ واضح جواب راکړی۔

محترمہ مسرت شفیع ایڈوکیٹ: جناب سپیکر!۔۔۔۔

جناب سپیکر: جی بی بی! کیا کوئسچن ہے؟

محترمہ مسرت شفیع ایڈوکیٹ: جناب سپیکر، "صوبہ سرحد کے علاوہ تمام صوبوں میں پراسیکیوٹرز، (سرکاری وکلاء) کی آسامیوں کی بلند درجگی ہوئی ہے"، دیکښے جی تاسو ته یوه خبره چه کومه ما کوله نو هغه دا ده چه په نورو ټولو صوبو کښے کوم اسسټنټ

پراسیکیوټر دے، د هغه ستره ګریډ دے، چه کوم ډپټی دے، د هغه اتهاره ګریډ دے او چه کوم Full- fledged PP دے، د هغه انیس ګریډ دے خو زمونږ صوبه واحد داسے صوبه ده چه دیکښے سوله، ستره او اتهاره ګریډز دی، نو دے د پاره دا پکار ده چه باقاعده د دے متعلق دغه اوشی او دویمه خبره چه کومه زۀ کول غواړمه۔۔۔۔

جناب سپیکر: کوئسچن، سپلیمنٹری کوئسچن کریں جی۔

محترمہ مسرت شفیع ایڈوکیٹ: کوئسچن زمونږ هم دا دے چه ولے، دا څه وجه ده چه زمونږ صوبه پختونخوا کښے دا شے نشته؟ زمونږ ګریډ او د هغوی ګریډ Same ولے نه دے حالانکه عهدے Same دی جی؟ دویمه خبره دا ده چه Non Practising Allowance په نورو صوبو کښے ملاویږی، زمونږ صوبه کښے ولے نه ملاویږی؟ دا دوه خبرے دی، د دے کوئسچن د مونږ ته جواب راکړی۔

جناب سپیکر: ارشد عبداللہ، منسٹر لاء پلیز جواب دے دیں۔

مفتی کفایت اللہ: جناب سپیکر!۔۔۔۔

جناب سپیکر: مفتی صاحب! آپ کا بھی کوئسچن ہے؟

مفتی کفایت اللہ: جی۔

جناب سپیکر: منسٹر لاء! ایک منٹ صبر کرلیں۔ جی مفتی صاحب، مفتی کفایت اللہ صاحب۔

مفتی کفایت اللہ: جناب سپیکر، جز (د) کے جواب میں بتایا گیا ہے کہ ایک سو چوبیس آسامیوں کی بلند درجگی از بنیادی تنخواہ سکیل اٹھارہ سے انیس کا کیس محکمہ خزانہ کے توسط سے جناب وزیر اعلیٰ صاحب کو منظوری کیلئے بھیجا گیا، سوال یہ ہے کہ یہ کب بھیجا گیا؟ اور یہ میں اسلئے پوچھنا چاہتا ہوں کہ ماضی قریب میں تین وزراء اعلیٰ ہیں، ایک ایم ایم اے گورنمنٹ، دوسرا یہ درمیان میں اور تیسرا آج کا وزیر اعلیٰ ہے، تو میں یہ معلوم کرنا چاہتا ہوں، اگر یہ تاریخ لکھیں تو ابہام ختم ہو جائیگا تاکہ معلوم ہو جائے کہ حالات۔۔۔

جناب سپیکر: جی منسٹر لاء، پلیز جواب دے دیں۔

مفتی کفایت اللہ: دوسرا سوال بھی ہے جی۔ اس میں دوسرا ضمنی سوال یہ ہے کہ انہوں نے کہا ہے کہ ہم نے سکیل اٹھارہ اور انیس کا کیس بھیجا ہے، آپ نے اٹھارہ، انیس کا کیس بھیجا ہے تو کیا سولہ، سترہ اور مزید آسامیوں کی پروموشن اور اپ گریڈیشن کی ضرورت نہیں تھی؟

جناب سپیکر: جی منسٹر لاء، پلیز۔

وزیر قانون: جناب سپیکر، جہاں تک سوال نمبر ایک کا تعلق ہے تو یہ بالکل صحیح ہے کہ دوسرے صوبوں میں پراسکیوشن کا علیحدہ ڈیپارٹمنٹ ہے اور سیکرٹریز بھی اس کے علیحدہ ہیں لیکن ہماری جتنی Interaction ہوئی ہے فیڈرل گورنمنٹ لیول پہ اور یہ چاروں صوبوں کے سیکرٹریز اور منسٹرز بٹھا کے تو وہ بھی کوئی Fruitful experience نہیں ہے تو اس کے اوپر ابھی وزیر اعلیٰ صاحب نے ایک کمیٹی بنادی ہے جس میں سیکرٹری اسٹیبلشمنٹ، سیکرٹری لاء اور سیکرٹری ہوم شامل ہیں، تو اس میں ان کی ایک میٹنگ ہوگی Within next couple of weeks تو یہ پھر Decide کریں گے کہ پراسیکیوشن کہاں پر بہتر، کس طریقے سے چلے گی اور اس کی ورکنگ کس طرح بہتر ہوگی؟ تو اس کے اوپر Already ایک کمیٹی Constituted ہے۔ دوسری جہاں تک ان کی اپ گریڈیشن اور الاؤنسز کا سوال ہے تو اس کے اوپر بھی وزیر اعلیٰ صاحب نے ایک کیبنٹ کمیٹی بنائی ہوئی ہے، اس میں فنانس اور یہ اسٹیبلشمنٹ وغیرہ محکمے ہیں جو دیکھ رہے ہیں کہ ہماری فنانشل پوزیشن اور سب کو دیکھ کے انشاء اللہ ایک منصفانہ فیصلہ اس کے اوپر اگلے چند ہفتوں میں آجائیگا۔

سید قلب حسن: جناب سپیکر!۔۔۔۔

جناب سپیکر: کیوں، ابہام کلیئر نہیں ہوا؟

سید قلب حسن: ایک جواب انہوں نے نہیں دیا۔

جناب سپیکر: کونسا والا؟

سید قلب حسن: یہ ڈائریکٹر لیگل۔

جناب سپیکر: جی، ڈائریکٹر لیگل کی کیا پوزیشن ہے جی؟

وزیر قانون: ڈائریکٹر لیگل اس وقت جو بھی ہے جی، He is fully qualified اور جو Laid down criteria ہے، اس کے مطابق ہے۔ اگر نہیں ہے تو اس کی پھر Credentials، مطلب ہے کوئی سامنے لائے کہ بھئی اس پوسٹ کے جو کوائف ہیں، اس کے مطابق نہیں ہے۔ ہمارا یہ کہنا ہے کہ وہ کوائف کے مطابق ہے جی۔

Mr. Speaker: Ji, Next Question- - - - - -

سید قلب حسن: جناب سپیکر، ما ته چه خومره معلومات دی، زهٔ غلط بیانی نه کومه، دا آرډر دوئ کړے دے د کوئسچن په ټائم کښے او د کوئسچن جواب ئے

چه ورکړے دے نو هغه ئے دوباره واپس بیا تعینات کړے دے، یا خو دا کوئسچن پینډنګ کړئ چه زهٔ دوئ ته سبا د دے پروف ورکړمه او یا خو دا کمیټئ ته واستوئ چه پته ئے اولګی چه یره دا غلط بیانی ئے ولے کړے ده؟

وزیر قانون: زهٔ به جی دوئ سره وقفه کښے کښینمه او دا به کلیئر کړو۔

جناب سپیکر: ٹھیک شوه، تاسو به دوئ سره کښینئ او دا به کلیئر کړئ۔

وزیر قانون: دا به کلیئر کړو، ٹھیک شوه جی۔

جناب سپیکر: شکریہ جی۔ عالمزیب خان، مسٹر عالمزیب خان۔

جناب عالمزیب: زما خو څه دا سے څه، دا کوم کوئسچن دے؟

جناب سپیکر: کوئسچن نمبر، عالمزیب خان، دا ئے غلط لیکلے دے، هغه خو وائی دا۔۔۔۔

مفتی کفایت اللہ: جناب سپیکر!۔۔۔۔

جناب سپیکر: بس بیٹھ جائیں، آپ جی، ٹھیک ہے جی۔ عبدالستار خان۔

مفتی کفایت اللہ: میرا ضمنی ہے اس میں۔۔۔۔

جناب سپیکر: Mover کہتا ہے میرا ہے ہی نہیں۔ (قہقہے) عبدالستار خان۔

جناب عبدالستار خان: تھینک یو، جناب سپیکر۔۔۔۔

مفتی کفایت اللہ: سر، میرا ضمنی ہے اس میں۔۔۔۔

جناب سپیکر: جب Mover ختم ہو جاتا ہے تو اس کا۔۔۔۔

مفتی کفایت اللہ: جناب، یہ ہاؤس کی پراپرٹی بن جاتی ہے، جب سوال ہاؤس میں آتا ہے تو یہ ہاؤس کی پراپرٹی بن جاتی ہے اور پھر اس پر ضمنی کوئسچنز ہوتے ہیں۔

جناب سپیکر: ابھی فلور اس کو دے دیا ہے Next Question کیلئے، آپ اس میں دوسرا کوئسچن لے آئیں نا، کال اٹینشن لے آئیں، اور چیزلے آئیں۔

مفتی کفایت اللہ: ابھی تو یہ کوئسچن ہاؤس میں آیا ہے اور اس پر میرا ضمنی کوئسچن ہے، مجھے اجازت دیں سر۔

جناب عبدالستار خان: یہ تو کوئی طریقہ نہیں ہے، ایک دوسرے کو ایڈریس کر رہے ہیں۔

جناب سپیکر: نہیں، ابھی فلور اس کو دے دیا ہے، دیکھیں وہ کھڑا ہے، اس کی حق تلفی نہ کریں جی۔۔۔۔۔

(شور)

جناب عبدالستار خان: جناب سپیکر!۔۔۔۔۔

مفتی کفایت اللہ: جناب سپیکر! مجھے اجازت دیں، میرا اس پر ایک ضمنی ہے، ایک منٹ بس۔

جناب سپیکر: جب اس کو کسچین کو کوئی Own کریگا تو تب آپ کو ملے گا۔

مفتی کفایت اللہ: جناب سپیکر، جب ہاؤس میں آتا ہے تو یہ ہاؤس کی پراپرٹی بن جاتی ہے۔

جناب سپیکر: ابھی اس کو ذرا فلور دے دیں، میں اس پہ انفارمیشن لیتا ہوں۔

مفتی کفایت اللہ: ابھی تو یہ ہاؤس میں آگیا ہے۔

جناب سپیکر: میں اس پہ انفارمیشن لیتا ہوں۔

مفتی کفایت اللہ: اس پر انفارمیشن لینے کی کوئی ضرورت نہیں ہے۔

جناب سپیکر: میں اس پہ انفارمیشن لے رہا ہوں نا، آپ بیٹھ جائیں، تھوڑا اس کو فلور دے دیں۔ یہ 'کوئسچنز آور' بڑا قیمتی ہے، آپ کا ایک کوئسچن نہیں آتا، پرائے کوئسچنز پہ آپ آتے ہیں۔ (قہقہے/تالیاں) جی، عبدالستار صاحب۔

(تالیاں)

جناب عبدالستار خان: شکریہ، سر۔

مفتی کفایت اللہ: جناب سپیکر! جناب سپیکر!۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: آپ کو موقع دے رہا ہوں، آپ کو موقع دے رہا ہوں۔

مفتی کفایت اللہ: میں پھر ضمنی کوئسچن کرونگا۔

جناب سپیکر: بالکل کریں گے۔

مفتی کفایت اللہ: اسمبلی کے اس موجودہ اجلاس میں یہ کوئسچن آئیگا۔

جناب سپیکر: آپ کو موقع دونگا نا، آپ بیٹھ جائیں۔

مفتی کفایت اللہ: اسمبلی کوئسچنز پر بات تو کریں گے۔

جناب سپیکر: یہ اچھی بات ہے۔

مفتی کفایت اللہ: تو پھر ہماری شنوائی کر دیں۔

جناب سپیکر: کرونگا (قہقہہ) کوئسچن نمبر 204، جناب عبدالستار صاحب۔

* 204 ۔ جناب عبدالستار خان: کیاوزیر داخلہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیایہ درست ہے کہ بم بلاسٹ میں ہلاک شدگان کورقم دی جاتی ہے;

(ب) آیایہ بھی درست ہے کہ بم ڈسپوزل سکواڈلوگوں کی جان بچانے کیلئے اپنی جان پر کھیل کر بم کو ناکارہ بناتے ہیں،ان کو بھی انعام اور ایوارڈ دیاجاتاہے;

(ج) اگر(ب) کا جواب نفی میں ہو تو آیا حکومت پولیس فورس کے بم ڈسپوزل سکواڈ کو مستقبل میں انعامات یاایوارڈ دینے کاارادہ رکھتی ہے؟

جناب امیر حیدر خان(وزیراعلیٰ): (الف) پولیس افسران واہلکاران دوران ڈیوٹی بم بلاسٹ میں جب شہادت نوش فرماتے ہیں توان کوامدادی پیکج بشمول پلاٹ اوران کے بیٹوں کوپولیس میں بطوراے ایس آئی یا سپاہی بھی بھرتی کیاجاتاہے جس کی تفصیل مندرج ذیل ہے;

(i) 485پلاٹس شہداء کے ورثاء میں تقسیم کئے گئے ہیں;

(ii) 83شہداء کے بیٹوں کو محکمہ پولیس میں بھرتی کیاگیاہے;

(iii) 155شہداء وزخمیوں کومعاوضہ دیاگیاہے۔

(ب) یہ بات درست ہے کہ بم ڈسپوزل سکواڈلوگوں کی جان ومال کی حفاظت کیلئے اپنی جان پر کھیل پر بم کوناکارہ بناتے ہیں اوران کی حوصلہ افزائی کیلئے خاص خاص موقعوں پر حسب استعداد متعلقہ افسران انعامات سے نوازتے ہیں اور شہداء ہونے کی صورت میں پالیسی کے مطابق پیکج دیاجاتاہے۔ بم ڈسپوزل اہلکار سب انسپکٹر مصطفیٰ نور شاہ حال میں سوات میں شہید ہو چکاہے جس کا کیس برائے معاوضہ بذریعہ چھٹی نمبر 3 -10844/B بمورخہ 2008 -08 -12 ہوم ڈیپارٹمنٹ کوارسال کیاگیاہے۔ محکمہ داخلہ نے بذریعہ چھٹی نمبرSO(P- II)HD/5- 3/2008/KC بتاریخ2008 -09 -12 محکمہ انتظامیہ اسٹیبلشمنٹ صوبہ سرحد کو بھیج دیاگیاتھاجس کے جواب میں محکمہ انتظامیہ اسٹیبلشمنٹ ڈیپارٹمنٹ کے ریگولیشن ونگ نے بذریعہ چھٹی نمبرSOR- III(E&AD)4- 2/2008 مورخہ 11.10.2008کو محکمہ داخلہ کو یہ رائے دی ہے کہ سب انسپکٹر مصطفیٰ نور شاہ، شہداء پیکج (Compensation) کا مستحق ہے، لہذا محکمہ پولیس نے سب انسپکٹر مصطفیٰ نور شاہ کانام شہداء پیکج میں شامل کر لیاہے اور ان کیلئے مبلغ پانچ لاکھ

روپے منظور ہوئے ہیں۔ مزید براں اس کا بل بھی اکاؤنٹنٹ جنرل صوبہ سرحد کے دفتر کو برائے آدائیگی رقم چیک ارسال کیا گیا ہے۔

(ج) (ب) کا جواب مثبت ہے۔

Mr. Speaker: Supplementary question.

جناب عبدالستار خان: شکریہ، جناب سپیکر۔ جناب سپیکر، اس سے پہلے میں نے ایک سوال فرنٹیئر پولیس کی تنخواہوں کے بارے میں داخل کیا تھا، اس سے Related میرا یہ دوسرا سوال ہے جو بم ڈسپوزل سکواڈ کے بارے میں ہے۔ یہاں سوال میں مجھے جو تفصیل دی گئی ہے جس میں شہداء کی پیکج کی بات کی گئی ہے، پھر ان میں جو پلاٹس تقسیم ہوگئے ہیں اور جو پیسے دیئے گئے ہیں، یہ بات تو اس حد تک درست ہے لیکن جو بم ڈسپوزل سکواڈ ہے، وہ اپنی جان پر کھیل کر بم بلاسٹ ہونے سے پہلے کوئی کوشش کرتا ہے تو اس کیلئے کوئی ریوارڈ یا انعام کی بات نہیں کی گئی ہے اور یہاں تک سوات میں جو ایک پولیس کانسٹیبل مصطفیٰ شاہ صاحب کی بات کی گئی ہے، اس کو شہداء کے پیکج سے پیسے بھی دیئے گئے ہیں، ہم حکومت کے مشکور ہیں لیکن ساتھ ہی جو لوگ جان پر کھیل کر ہماری جان بچانے کی کوشش کر رہے ہیں اور ان کو کوئی انعام نہیں دیا گیا ہے اور نہ دینے کی کوئی بات کی گئی ہے۔ سر، میرا سپلیمنٹری کوسچن ہے کہ کیا حکومت یہ ارادہ رکھتی ہے کہ ایسی نوبت آئے، کوئی اگر بہادری کرے، کوئی پولیس کانسٹیبل اپنی جان پر کھیل کر بم کو ناکارہ بنائے تو اس کیلئے کوئی ارادہ ہے ریوارڈ کا؟

جناب اکرم خان درانی (قائد حزب اختلاف): جناب سپیکر!-----

جناب سپیکر: جی، جی، اکرم خان درانی صاحب۔

قائد حزب اختلاف: جناب سپیکر صاحب،-----

جناب سپیکر: یہ مائیک آن کریں۔

قائد حزب اختلاف: لږ به زور او کړو خیر دے سپیکر صاحب، چه تاسو ئے واورئ۔ زما یو ضمنی سوال هم دے او دا ډیر اهم سوال ئے کړے دے او چونکه وزیر اعلیٰ صاحب پخپله باندے ناست دے نو زۀ به هغوی ته خواست کوم چه دوئ خصوصی توجه دے ته ورکړی۔ حقیقت دا دے چه دے وخت کښے پولیس ته کوم تکلیف مخامخ دے او په هغے کښے څه قسم دوئ قربانی ورکوی۔ بل ما دلته مخکښے هم خبره کړے وه او بشیر خان ما ته وئیلی وو چه مونږ به کوشش کوؤ چه

ځوک شهید شی او د هغه ځه مراعات وی چه هغه ټول په لسو ورځو کښے د هغه کور ته اورسی، حقیقت دا دے چه اوسه پورے ، ما پرون هم، هغه بله ورځ بنوں ته چه زهٔ تلے وومه نو ما ته ډی آئی جی صاحب فون اوکړو ، مختلف جرګے هغه ته ورتلے ، چونکه د چا درے میاشتے شوے دی، د چا شپږ میاشتے خو هغوی ته هغه مراعاتو کښے ځه ریلیف د هغوی کورونو ته نه دے رسیدلے نو زما به په دے سوال باندے خصوصی خواست وزیر اعلیٰ صاحب ته وی چه هغوی دلته یو ډائریکشن غوندے ورکړی، مونږ به په خپل ګورنمنټ کښے هم په دس دن کښے هغه کور ته چیک او متعلقه ایم پی اے به هغه کور ته لاړو چه د هغه ځه دلته مراعات وو، هغه به ئے ټول اورسول، نو په دیکښے خصوصاً که وزیر اعلیٰ صاحب پخپله باندے-----

<u>جناب سپیکر:</u> دیکښے-----

<u>قائد حزب اختلاف:</u> دے هاؤس کښے نن پخپله باندے دا خبره اوکړی او یو آرډر غوندے جاری کړی د دے۔ ستاسو په وساطت باندے-----

<u>جناب سپیکر:</u> جی جی۔

<u>قائد حزب اختلاف:</u> چه په لسو ورځو کښے د پولیس ځوک شهید شی، د هغه د پاره او د زخمی د پاره او بل جی یو خصوصی کیس به زهٔ د دوئ په مخکښے راولم۔ پندره دس دن شوے دی چه ځنګه عبدالستار خان خبره اوکړله، زمونږ په بنوں کښے رحمت الله یو انسپکټر وو، هغه هم داسے یو بم ډی فیوز کولو او هغه په هغے کښے والوتو، که د هغه د پاره دوئ ریکارډ د ډی آئی جی نه راااوغواړی، هغه دومره کیسونه کړی دی چه خلق ئے بچ کړی دی، که رحمت الله د پاره هم یو سپیشل غوندے ځه اناؤنسمنټ اوکړی، د هغه ورکوټی ورکوټی بچی دی نو د هغوی به حوصله افزائی اوشی۔

<u>جناب سپیکر:</u> *جناب وزیر اعلیٰ صاحب۔ یہ پہلے بشیر بلور صاحب جواب دے چکے تھے لیکن شاید اس میں تھوڑی Delay ہوئی ہے تو آپ کی طرف سے اگر ہاؤس کو کچھ وہ ہو جائے۔ جناب وزیر اعلیٰ صاحب، لیڈر آف دی ہاؤس۔*

(تالیاں)

وزیراعلیٰ: ډیره مهربانی۔ محترم سپیکر صاحب، زهٔ مشکور یم د محترم اکرم خان درانی صاحب او د خپل ورور عبدالستار خان چه یو ډیر Important issue باندے هغوی دلته خبره اوکړه او حقیقت دا دے چه زمونږ پولیس نن د کوم خطراتو سره مخامخ دے او د کومے سختئ سره هغوی تیریږی، نو زمونږ د ټولو دا ذمه داری جوړیږی چه مونږه خپل پولیس فورس سپورټ کړو او په دے زهٔ مشکور یم د دے ټول هاؤس، ځکه چه هر کله د پولیس د سپورټ خبره شوے ده نو دے ټول هاؤس، ټریژری بنچز او اپوزیشن بنچز هم هغوی له سپورټ ورکړے دے، د هغے د پاره زهٔ د دوئ شکریه ادا کول غواړمه او زما په خیال په دے وخت کښے پولیس ته د سیوا نه سیوا د سپورټ ضرورت دے ځکه چه یو فورس چه کوم د یو لاء اینډ آرډر سیچویشن د پاره یا د سټریټ کرائمز د پاره جوړ کړے شوے وو، نن هغه فورس لګیا دے او هغه د یو Insurgency مقابله کوی۔ په دیکښے د ټولو نه اول خو چه کوم زمونږه د پولیس پیکج وو، اللّٰه تعالیٰ د هغوی او دا نور ټول د خیره د نور تاوان او نقصان نه ساتی خو دا یو کمے مونږ محسوس کوؤ چه یو د پولیس د شهید د پاره پینځه لکهه روپئ وے او هغے کښے د زخمیانو د پاره یو لاکھ روپئ وے، نو فرض خو زمونږ دا جوړیږی چه دغه ځوانانو له او دغه شهیدانو له مونږ په کروړونو روپئ ورکړو خو د بد قسمتئ نه د صوبے مالی حالات داسے دی چه دغه ممکن نه ده خو بهرحال اوس د دے هاؤس د معلوماتو د پاره چه کوم زمونږ دغه پیکج وو، هغه د پینځو لکهو روپو نه Approval ما ورکړو، هغه مونږ لس لکهه روپئ کړو او هغه یو لاکھ روپئ مونږه دوه لکهه روپئ کړے۔ (تالیاں) هغه پیکج مونږه ډبل کړو، ستاسو په رهنمایئ او د دے ټول هاؤس په سپورټ، که دا سپورټ نه وے نو دا مونږ نه شو کولے او دویم جی ما پرون په فلور آف دی هاؤس خبره کړے وه چه مونږ به دا کوشش کوؤ چه د دے مسئلے د پاره او د پولیس د مورال د Boost up کولو د پاره مونږ نور هم څه اوکړو۔ اوس چونکه هغه په فائنل سټیجز کښے دی او زمونږه د بعض فارن ډونرز سره خبرے اترے روانے دی او زهٔ امید کوم چه انشاء اللّٰه هغے کښے به فارن ډونرز مونږ سره مکمل تعاون اوکړی چه مونږه د خپلے صوبے د پولیس فورس د پاره یو Planted life او هیلتھ انشورنس پالیسی ورکړو له خیره انشاء

اللہ چہ زمونږہ پولیس فورس لہ خیرہ پہ ھغے باندے Coverd وی او کہ داسے قسمہ مشکلات پیښیږی یا خدائے مہ کړہ د ھغوی Injuries راځی نو چہ Automatically ھغہ انشورنس پالیسی ھغوی Cover کوی۔ اخری خبرہ چہ کوم محترم اکرم خان درانی صاحب اوکړہ چہ دا کوم د سویلین کیجولٹیز کیږی او پہ ھغے کښے دننہ Delays راځی نو دیکښے یو خو بہ زۂ تاسو ټول ھاؤس تہ خواست اوکړم، اللہ تعالیٰ د کړی چہ ستاسو پہ علاقو کښے قطعاً داسے قسمہ واقعات را نہ شی خو کہ خدائے مہ کړہ ستاسو پہ علاقو کښے، ستاسو پہ حلقو کښے داسے قسمہ واقعات راځی نو یو خواست بہ کوم چہ Please directly ما تہ پخپلہ وایئ ځکہ چہ ډی سی اوز تہ انسټرکشنز ما دا ورکړی دی چہ ھر ډی سی او بہ پابند وی چہ ھغہ بہ پہ درے ورځو کښے دننہ دننہ خپل رپورټ ھوم ډیپارټمنټ تہ رالیږی او بیا د ھغے نہ پس ھوم ډیپارټمنټ بہ پابند وی چہ ھغہ پہ اووہ اتہ ورځو کښے دننہ دننہ ھغہ چیکس متعلقہ ضلعے تہ لیږی چہ ھغہ چیکس خلقو تہ ملاؤ شی۔ یو ډیرہ لویہ سانحہ پہ بونیر کښے پیښہ شوے وہ، ھغے نہ مونږ او تاسو ټول خبر یو، اوس ھغہ بلہ ورځ چہ ما معلومات اوکړل نو سرہ د دے چہ ھغہ پہ ډیر Large scale باندے وو، د بونیر د ھغہ خلقو، د شہیدانو چیکس Already ډی سی او بونیر تہ رسیدلی دی چہ ھغہ لہ خیرہ وړاندے مونږ ورکړو۔ کہ بل ھر ځائے کښے داسے واقعات راځی چہ Delay راځی نو زما بہ ریکویسټ دا وی ټول ھاؤس تہ چہ مونږ یو ټائم فریم ایښودے دے، انسانان دی، غلطئ ھم کیږی، کوتاھئ ھم کیږی، کہ پہ ھغے باندے عملدرآمد نہ کیږی نو مہربانی کوئ مونږ تہ وایئ خو واضحہ ټائم فریم زمونږ دغہ دے چہ درے ورځو کښے ډی سی او پابند دے او ھفتہ کښے دننہ ھوم ډیپارټمنټ پابند دے۔ مہربانی۔

(تالیاں)

جناب سپیکر: شکریہ جی، شکریہ، تھینک یو۔ شارٹ کٹ یہ ہوا کہ دس دن میں اگر یہ نہ پہنچے تو آپ سب وزیر اعلیٰ صاحب کو ڈائریکٹ Approach کریں۔ کوسچن نمبر 213، جناب محمد انور خان صاحب۔

* 213 ۔ جناب محمد انور خان ایڈوکیٹ: کیا وزیر داخلہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع دیر بالا میں چوکیاں موجود ہیں;

(ب) اگر (الف) کا اثبات میں ہو تو:

(i) ضلع دیراپر میں کل کتنے پولیس تھانے اور چوکیاں ہیں;

(ii) پولیس تھانوں اور چوکیوں میں منظور شدہ نفری کی تعداد کتنی ہے اور موقع پر کتنی موجود ہے، نیز اگر تعداد کم ہے تو کیا حکومت اس کمی کو پورا کرنے کا ارادہ رکھتی ہے؟

جناب امیر حیدر خان (وزیر اعلیٰ): (الف) جی ہاں۔

(ب) (i) ضلع دیراپر میں کل منظور شدہ چھ تھانے اور پانچ چوکیاں ہیں۔

(ii) پولیس تھانوں، چوکیوں کی (منظور شدہ اور موجودہ) تفصیل اسمبلی لائبریری میں ملاحظہ کی جا سکتی ہے۔

Mr. Speaker: Any supplementary question?

جناب محمد انور خان ایڈوکیٹ: یس سر۔ سر، زما دا کوئسچن ډیر په ښه موقع باندے راغلے دے، نن لیډر آف دی هاؤس جناب امیر حیدر خان هوتی، وزیر اعلیٰ صوبه سرحد هم دلته ناست دے۔ عرض دا دے جی چه کله زمونږه اپر دیر او لوئر دیر مخکښے یوه ضلع وه او کله دا په دوه ډسټرکټس کښے تقسیم شوه، Bifurcation اوشو نو زمونږه د پولیس او د هر ډیپارټمنټ تقسیم شوے دے، دغه شان سوات کښے هم شوے وو، شانګله کښے، بونیر کښے، کله چه تقسیم شوے دے جی، په هغه وخت کښے مونږ له دوئ کوم جواب راکړے دے جی، تفصیلی جواب که زۀ ټول وایم نو دے باندے ډیر ټائم لګی، ستا سو ټائم پرے نه ضائع کوم۔۔۔۔۔

Mr. Speaker: Only supplementary question, supplementary question?

جناب محمد انور خان ایڈوکیٹ: سپلیمنټری کوئسچن زما دا دے جی، زۀ په دے دغه باندے هم خبره کوم جی۔ اوس دوئ چه کوم جواب ما له راکړے دے، په هغے کښے که تاسو په Last page باندے اوګورئ جی، 96 پرے د پاسه لیک دے، په هغے کښے دوئ لیکلی دی چه زمونږه اوس دا کوم موجوده سټاف چه دے، هغه ټوټل 339 دے جبکه پکار دلته دے جی 1930، د جرائمو، آبادئ او د ضلعے په حساب باندے چه کوم دے، هغه 1930 دے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: ستا سو په خیال Strength کم دے، نفری کمه ده؟

جناب محمدانور خان ایڈوکیٹ: بالکل، دوئ په خپل جواب کښے لیکلی دی سر، تاسو اوګورئ چه په دے 96 د پاسه لیک دے، په دیکښے هغوی لیکلی دی چه په دیکښے 1591 کسان کم دی۔

جناب سپیکر: ٹھیک شوه، ٹھیک شوه۔

جناب محمدانور خان ایڈوکیٹ: سر، اوس عرض دا دے چه په دے سٹاف کښے چه کوم 339 دلته حاضر دی، جی 'آپریشنل' شومره دی او'نان آپریشنل' شومره دی جی او بیا په دیکښے ٹریفک ته کوم کسان تلی دی؟ په ٹریفک کښے پکښے کسان شته دے جی، نائب کورٹس پکښے دی، آفس سٹاف پکښے دے، Miscellaneous پکښے دی، جوډیشری سره دی، ججانو صاحبانو سره ګنران دی، په پلونو باندے چوکیداران شته، یعنی ٹوٹل د هغه ضلعے دغه ٹوٹل پولیس لائن چه کوم دے، په هغے کښے صرف سو کسان دی، صرف سو کسانو باندے ټوله ضلع چلیږی جی۔ نن سبا په ملاکنډ ډویژن کښے چه کوم حالات دی، سوات کښے چه کوم حالات دی، خدائے د نه کړی دیر ته، نو که زمونږه ٹوٹل سو کسان پولیس په پولیس لائن کښے وی، ډسټرکټ دیر ډیره غټه ضلع ده سر، زما ریکویسټ دا دے جی چه دا۔۔۔۔

جناب سپیکر: جی، ٹھیک شوه جی۔۔۔۔

جناب محمدانور خان ایڈوکیٹ: دا جی دے متعلقه کمیټئ ته تاسو۔۔۔۔

جناب سپیکر: نفری کمه ده او تاسو وایئ چه دا پوره کړی۔

جناب محمدانور خان ایڈوکیٹ: نه جی، کمیټئ ته ئے ریفر کړئ، مونږ به ورسره کښینو، پولیس افسرانو سره به کښینو او طریقه کار به جوړ کړو۔ متعلقه کمیټئ ته دا کوئسچن ریفر کړئ، مونږ به ورسره کښینو او د دے طریقه کار به راوباسو۔

جناب سپیکر: ٹھیک شوه جی، جی لاء منسټر صاحب۔

بیرسٹر ارشد عبداللہ (وزیر قانون): داسے ده جی چه بالکل د پولیس کمے تقریباً هره ضلع کښے شته دے۔ دے د پاره مونږه مرکزی حکومت سره خبرے کړے دی او هغوی څه د چار بلین روپو یو پیکیج Promise کړے دے جی، نو هغے کښے په

فیز (ون) کښې تقریباً دوه نیم زره پولیس اهلکاران مختلف کیډرز کښې، رینکس کښې به انشاء الله اغستلې کیږی نو چه څنګه دا خلق راشی نو هرې ضلعې ته به د هغې د Strength مطابق څه نه څه پولیس ورځی که خیر وی۔ نو دا یو فیز نه دے، د دے نه پس سیکنډ، تهرډ فیز دا سې به روان وی نو انشاء الله، د پولیس دا کمې به هرې ضلع کښې پوره کیږی جی، خو ترتیب وار به وی۔

جناب سپیکر: دے باندے لږ تندی اوکړئ جی، دا ضروری شے دے۔

وزیر قانون: ٹهیک شوه جی۔

جناب سپیکر: کوئسچن نمبر 260، مفتی سید جانان صاحب۔ سید مفتی جانان صاحب۔

* 260 ۔ مفتی سید جانان: کیا وزیر داخلہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ میرے حلقے پی ایف۔43 کی تحصیل ٹل میں پولیس پرائیویٹ گاڑیاں جو کہ غریب عوام کا واحد ذریعہ معاش ہوتی ہیں، پکڑ کر فوج کے حوالے کر دیتی ہے جن سے فوج پندرہ سے بیس دن تک بیگار لیتی ہے جس کی وجہ سے عوام فاقہ کشی پر مجبور ہو جاتے ہیں؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو کس قانون کے تحت میرے حلقے کے عوام کو اذیت دی جارہی ہے، تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب امیر حیدر خان (وزیر اعلیٰ): (الف) اس ضمن میں عرض ہے کہ ہنگو پولیس نے نہ تو کسی قسم کی گاڑی قبضہ کی ہے اور نہ فوج یا دوسرے ادارے کے حوالے کی ہے، تاہم ایمرجنسی کی حالت میں سرکاری گاڑیوں کی ناپیدگی کی صورت میں لوگ رضاکارانہ طور پر گاڑیاں روزانہ کے حساب سے کرایہ اور تیل پر دیتے ہیں۔ ان گاڑیوں کو تیل اور روزانہ کرایہ باقاعدگی سے دیا جاتا ہے۔

جناب سپیکر: سپلیمنټری کوئسچن شته، ضمنی سوال جی؟

مفتی سید جانان: بسم الله الرحمٰن الرحیم۔ ما ته چه کوم جواب راکړے شوے دے کنه، سوال دا دے چه آیا پولیس دا ګاډی نیسی او فوج ته ئے ورکوی، تقریبا پینځه ورځو نه پنځلس ورځو پورے هغه فوج سره وی، دے ځائے کښې جواب ئے راکړے دے چه هیڅ ګاډی مونږه نه دی نیولی او که نیولی هم دی نو هغه رضاکارانه طور باندے مونږ ته خلقو راکړی دی او د هغې مونږ د تیلو خرچه

ورکوؤ او روزانه خرچه ورکوؤ۔ دا جی تقریباً یو پنځلس نومونه ما سره دا سے موجود دی چه دا ګاډی نیولی شوی دی۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: او هغوی له ئے څه نه دی ورکړی؟

مفتی سید جانان: دے یو ګاډی ته ئے شل لیټره تیل اچولی دی، شپږ لیټره ئے بل ته اچولی دی، بالکل ئے جی نه یوه پیسه ورکړے ده او نه مطلب دا دے یو لیټر تیل ئے ورته اچولی دی او جواب کښے ئے لیکلی دی چه هیچ چا۔۔۔۔

جناب سپیکر: جی لاء منسټر صاحب! دا ولے تاسو څه نه ورکوئ؟ جی پلیز جواب۔

وزیر قانون: دا سے ده جی، دا تفصیلات خو دوئ اوس را کړل او حالانکه اصولاً دا دی چه کوم ډیپارټمنټ دا استعمال کړی، که فوج ئے استعمالوی، که پولیس ئے استعمالوی، خامخا به کرایه هم ورکوی او تیل به هم ورکوی، دا خو لکه بیګار د چا نه نه شی اغستلے کیدے قانوناً، خو اوس چه کوم تفصیلات دوئ راوړاندے کړل، دا د ما سره دوئ شیئر کړی نو چه څه Possible وی انشاء الله۔۔۔۔

جناب سپیکر: دا ترے واخلئ جی او چه څه حقیقت وی، په هغے باندے عمل اوکړئ۔

وزیر قانون: ٹهیک شوه جی۔

جناب سپیکر: تهینک یو جی۔ جناب ملک قاسم صاحب، سوال نمبر 261۔

* 261 ۔ ملک قاسم خان خٹک: کیا وزیر داخلہ از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع کرک میں مالی سال 08-2007 میں لیوی کی بھرتی کی گئی;

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ بھرتیاں قواعد وضوابط کے مطابق کی گئی ہیں;

(ج) اگر (الف) اور (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو تمام بھرتی شدہ افراد کی تعداد، نام، ولدیت، پتہ و دیگر کوائف کی تفصیل فراہم کی جائے، نیز جملہ اہلکاروں کی موجودہ تعیناتی کہاں کہاں ہوئی ہے، کون کس کیساتھ اور کہاں پر ڈیوٹی سرانجام دے رہا ہے، تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب امیر حیدر خان (وزیر اعلیٰ): (جواب وزیر قانون نے پڑھا): (الف) ہاں۔

(ب) ہاں۔

(ج) مطلوبہ فہرست مہیا کی گئی جو کہ اسمبلی لائبریری میں ملاحظہ کی جا سکتی ہے۔

جناب سپیکر: جی، ضمنی سوال۔

ملک قاسم خان خٹک: جناب والا، دا کوم تفصیل ئے چه راکړے دے، مونږ دا کوئسچن صرف د دے د پاره کړے وو چه په دیکښے ډیر داسے خلق دی چه هغه ریټائر شول، د دے لیوی والا نه پنشن وی، نه بل څه وی، بیا مونږ دا وایو چه په دے باندے د هغوی لواحقین بهرتی شی۔ آیا زۀ د منسټر صاحب نه دا پوښتنه کوم چه دا ولے نه دی بهرتی شوی؟

جناب سپیکر: جی، لاء منسٹر صاحب۔

ملک قاسم خان خٹک: غیر خلق بهرتی دی۔

وزیر قانون: تاسو وایئ چه یره کوم خلق ریټائر شو، د هغوی لواحقین۔۔۔۔

ملک قاسم خان خٹک: جی ہاں۔

وزیر قانون: دے سوال کښے خو جی تاسو ته مکمل تفصیل درکړے شوے دے چه کوم کوم کسان بهرتی شوی دی کنه جی، نو دا خو به اوس بیا یو بل سوال تاسو اوکړئ چه د لواحقینو متعلق بیا پوره ډیټا تاسو ته Provide کړو جی۔ دا لکه څومره چه شوی دی، هغه مکمل تفصیل مونږه ورکړے دے چه دا دا کسان شوی دی جی۔ اوس آیا چه د کوم پنشنر خپل ځوئے دے یا د هغه څوک شوے دے نو دغه لا فی الحال ډیټا نشته۔ نو یا خو د دے نه پس به د متعلقه محکمے د افسر به ئے درله درکړی او یا چه څنګه۔۔۔۔

جناب سپیکر: Criteria کښے دا شته، د ایمپلائیز سنز کوټه یا دا ملک صاحب چه څه وائی؟

وزیر قانون: یره جی دا به کنفرم کول غواړی خو هسے Generally ګورنمنټ کښے وی جی، ایمپلائیز سنز کوټه وی تقریباً، خو دا ده چه I have to۔۔۔۔

جناب سپیکر: دا تاسو چیک کړئ، که چرته واقعی Reasonable وی او۔۔۔۔

وزیر قانون: د سیشن نه پس به جی دوئ زۀ پوره، مکمل به ئے انفارم کړو جی۔

ملک قاسم خان خٹک: دا پینډنګ کړئ کنه جی۔

جناب سپیکر: دا تاسو به ورسره کښینئ جی۔

وزیر قانون: چه تا سو Satisfy نه شوئ بیا به ئے خیر دے۔۔۔۔

ملک قاسم خان خٹک: تھیک شوہ جی۔

جناب سپیکر: سوال نمبر 179، جی مفتی سید جانان صاحب۔

* 179 ۔ مفتی سید جانان: کیاوزیر خوراک ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ حکومت ضلع ہنگو کو روزانہ کی بنیاد پر آٹا فراہم کرتی ہے؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ افغانستان کو غیر قانونی طریقہ سے آٹا لے جایا جاتا ہے؛

(ج) آیا یہ بھی درست ہے کہ افغانستان کو غیر قانونی طریقہ سے آٹا لے جانے کی وجہ سے آئندہ چند مہینوں میں ملک میں اور خاصکر صوبہ سرحد میں آٹے کا بحران پیدا ہونے کا خدشہ ہے؛

(د) اگر (الف) تا (ج) کے جواب اثبات میں ہوں تو:

i۔ ضلع ہنگو کو روزانہ کتنے ٹن آٹا فراہم کیا جاتا ہے؛

ii۔ افغانستان کو غیر قانونی طور پر آٹا لے جانے کی روک تھام کے سلسلے میں حکومت نے کیا اقدامات کئے ہیں؟

جناب محمد شجاع خان (وزیر خوراک): (الف) ہاں، یہ درست ہے کہ دیگر اضلاع کی طرح ضلع ہنگو کو بھی حکومت کی طرف سے گندم /آٹا روزانہ کی بنیاد پر فراہم کیا جاتا ہے۔

(ب) یہ درست ہے کہ افغانستان کو صوبہ سرحد کے قبائلی علاقوں کے ذریعے غیر قانونی طریقے سے آٹا لے جانے کی کوشش کی جاتی ہے جس کی وجہ سے صوبہ سرحد کی مارکیٹ میں گندم کی دستیابی متاثر ہوتی ہے لیکن حکومت کے قانون نافذ کرنے والے اداروں کی جانب سے ایسے تمام راستوں پر ناکے لگائے گئے ہیں تاکہ آٹے کے غیر قانونی نقل و حمل کو روکا جاسکے۔

(ج) حکومت صوبہ سرحد نے فاٹا کو اس کی آبادی کے حساب سے گندم کی پوری فراہمی کو یقینی بنایا ہے جس کی وجہ سے پولیٹیکل ایجنٹس کو اپنے آٹے کی ضروریات کیلئے پرمٹ جاری کرنے کی اجازت نہیں ہے اس وجہ سے بندوبستی علاقے سے قبائلی علاقوں کی طرف آٹے کی سپلائی میں نمایاں کمی آئی ہے، نتیجتاً سمگلنگ کو قابو کرنے میں کافی مدد ملی ہے۔ حکومت کے پاس گندم کا کافی ذخیرہ موجود ہے۔ اس کیساتھ ساتھ وفاقی وزرات خوراک وزراعت کے توسط سے درآمدی گندم کی ترسیل بھی جاری ہے۔ اس کے علاوہ پنجاب سے بھی روزانہ کی بنیاد پر پانچ ہزار ٹن آٹا، میدہ، فائن کی ترسیل کے انتظامات کئے گئے ہیں۔ ان

اقدامات کی وجہ سے مارکیٹ میں آٹاوافر مقدار میں موجود ہے اور قیمتیں بھی کم ہوئی ہیں، اسلئے بحران کا کوئی خدشہ نہیں ہے۔

(ج) i۔ ضلع ہنگو کو روزانہ 155 ٹن گندم /آٹافراہم کیاجاتاہے۔

ii۔ بندوبستی علاقوں سے فاٹامیں داخل ہونے والی شاہراہوں پر چیک پوسٹیں قائم کی گئی ہیں جن پر ایف سی، ضلعی انتظامیہ، مقامی پولیس اور محکمہ خوراک کے اہلکار مشترکہ طور پر ڈیوٹی انجام دیتے ہیں تاکہ قبائلی علاقوں میں ضروریات سے زیادہ آٹے کی داخلہ روک کر سمگلنگ کاانسداد کیا جاسکے۔ اس کے علاوہ قبائلی علاقوں کیلئے پولیٹکل ایجنٹ کی طرف سے آٹے کے نقل وحمل کیلئے پرمٹوں کے اجراء کا سلسلہ بند کردیاگیا ہے۔ سمگلنگ کی روک تھام کیلئے پولیٹیکل ایجنٹس کو بھی چیف سیکرٹری صوبہ سرحد کی طرف سے خصوصی ہدایات جاری کی گئی ہیں۔

ضلع ہنگو کو روزانہ فراہمی:

(1) سبسڈائز گندم برائے پسائی بذریعہ فلور ملز	45 ٹن روزانہ
(2) آٹافائن اور میدہ پنجاب سے بذریعہ انڈنٹس	110 ٹن روزانہ
کل فراہمی	155 ٹن روزانہ

جناب سپیکر: جی مخکښے بل سوال پکښے شته ضمني؟

مفتي سيد جانان: نه جي، بس هم دغه سوال دے خو د دے سوال نه دا جي ډير مخکښے راغلے دے۔ ما چه کومه خبره کړے وه نو هم هغه خبره اوشوله جي۔ رمضان کښے او د رمضان نه مخکښے تاسو پسے هم خلقو بدے ردے وئيلے دي، مونږ ټولو پسے ئے وئيلے دي، هم هغه شے پيدا شولو او اوس في الحال جي بيا دغه روان دے، دا دوه درے ورځے اوشولے، مطلب دا دے بيا غير قانوني طور باندے د اوړو سمګلنګ کيږي خو که اوس مونږ دلته کښے اووايو نو پته نشته دے چه حکومت والا په دے باندے ولے دغه نه کوي؟ ګني دا د اوړو د بحران راتلو نه مخکښے ما دا خبره کړے وه، دا کوئسچن مے جمع کړے وو۔ د اوړو بحران هم راغلو او ښه زيات راغلو، د حکومت هم بے عزتي اوشوله او زمونږ هم اوشوله او د هغے باوجود زما په جواب کښے ليکلے کيږي چه مونږه

سره بنه ډير غنم دي او اوړه راسره دي، هيڅ بحران نه دے۔ بحران تاسو هم اوليدلو او مونږه هم اوليدلو۔

جناب سپیکر: دا ستاسو د سوال جواب ليټ شوے دے، مطلب دا دے ؟

مفتی سید جانان: د دے خو د درے مياشتو نه هم ډير وخت اوشولو جی۔

جناب سپیکر: جتنے بھی ڈیپارٹمنٹس ہیں، ان سے گزارش ہے بلکہ آخری بار میں ہدایت کرتا ہوں کہ پہلے پندرہ دن تھے، ابھی ہم دس دن دے رہے ہیں کہ Within ten days آپ کی طرف سے جواب آئے گا (تالیاں) اور دوسری بات یہ کہ ممبر صاحبان بھی کوشش کریں کہ Authentic questions پوچھیں تاکہ Improvement آجائے۔

مفتی سید جانان: دا مونږ سره بيا بيا دا شے کيږی، دے هاؤس کښے مونږ بار بار اودريږو او دا شے بيا Repeat کيږی او روان دے جی۔

جناب سپیکر: بيا سمگلنگ شروع دے ؟

مفتی سید جانان: اوس بيا شروع دے باقاعده۔

جناب سپیکر: د دے خصوصی نوټس واخلئ جی۔ لاء مسنټر صاحب، بس صرف دومره۔۔۔۔۔

وزیر قانون: ټهيک شوه جی۔

جناب سپیکر: جی، فوڈ منسٹر صاحب۔

(تالیاں / قہقہے)

جناب سپیکر: شازی خان! یہ مجھے سمجھ نہیں آتا، آپ اتنا لیٹ جواب بھی دیتے ہیں اور پھر بھی آپ کو اتنی Clapping ہو رہی ہے، یہ کرشمہ کیا ہے ؟

جناب محمد شجاع خان (وزیر خوراک): یہ کوئسچن دو دفعہ پہلے آیا ہے جی، یہ کوئسچن دو دفعہ پہلے آیا ہے، دونوں دفعہ اجلاس لیٹ ہوا ہے جی۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: اچھا، اچھا۔ یہ آپ نے تو بہت ہمت کی تھی، آٹے کی قیمت ڈاؤن کی تھی تو اس وجہ سے آپ کو Thumbing ہوئی۔

وزیر خوراک: اس وقت مفتی جانان صاحب نے جس طرح فرمایا جی، کہ یہ جو ڈسٹری بیوشن سسٹم ہے، فوڈ ڈیپارٹمنٹ کا اس میں As such اتنا کوئی رول نہیں ہے۔ یہ وہاں کے ڈی سی او، وہاں کے منتخب نمائندے، وہاں کے چیمبر آف کامرس کے پریذیڈنٹ، وہاں کے بار کے پریذیڈنٹ اور بار کے جنرل سیکرٹری پر مشتمل کمیٹی ہوتی ہے جو اس ڈسٹری بیوشن کے نظام کو دیکھتی ہے اور ان کی مشاورت سے یہ ساری چیزیں اس حد تک ممکن ہوئی ہیں کہ یہ ریٹ کم ہوئے اور جیسے انہوں نے کہا تو انشاء اللہ ہم اور بھی Efforts کریں گے۔

جناب سپیکر: تھینک یو۔ مفتی صاحب کا یہ ہے کہ حالات کچھ ٹھیک ہو چکے تھے، اب دوبارہ خراب ہو رہے ہیں، اس پر توجہ دیں۔

وزیر خوراک: ہاں انشاء اللہ۔

مفتی سید جانان: خو اصل خبره دا ده چه په هغه لارو باندے اوږه روان دی او ډی سی او او منسټر صاحب ته دا ما په موقع وئیلے وو۔

جناب سپیکر: بس، اوس کهولاؤ هدایات ورته ما هم ورکړل او ستاسو کوئسچن ډیر ښه وو، تکړه دغه پرے اوشو جی۔ محترمه شازیه طهماس بی بی، کوئسچن نمبر 345۔

* 345۔ محترمہ شازیہ طہماس: کیا وزیر داخلہ از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) محکمہ داخلہ یا کوئی اور محکمہ پولیس آرڈر 2002 میں ترامیم کر سکتا ہے؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو اب تک محکمے نے مذکورہ آرڈیننس میں کتنی اور کیسی ترامیم کی ہیں، اگر جواب نفی میں ہو تو وجوہات بتائی جائیں؟

جناب وزیر اعلیٰ (جواب وزیر قانون نے پڑھا): (الف) پولیس آرڈر 2002 بھی آئین کے شیڈول نمبر 6 کا حصہ ہے اور اس کو دیگر قوانین مندرجہ مذکورہ شیڈول کی طرح آئین کی سترہویں ترمیم کے تحت تحفظ فراہم کیا گیا ہے۔ پولیس آرڈر میں کوئی ترمیم، تبدیلی یا تنسیخ صدر مملکت سے پیشگی اجازت کے بعد ہی عمل میں لائی جا سکتی ہے اور یہ تحفظ صرف ابتدائی چھ سال تک فراہم کیا گیا ہے۔ چنانچہ مذکورہ پولیس آرڈر میں اگر کوئی ترمیم کرنا مقصود ہو تو متعلقہ محکمہ بوساطت صوبائی کابینہ صدر مملکت کی پیشگی اجازت سے متعلقہ ترامیم، تبدیلی یا تنسیخ کی بابت قرارداد اسمبلی میں پیش کر سکتا ہے۔

(ب) تاحال پولیس آرڈر 2002 میں کسی بھی قسم کی کوئی ترمیم عمل میں نہیں لائی گئی۔ ابھی تک پولیس آرڈر میں کسی قسم کی ترامیم کرنے کی ضرورت پیش نہیں آئی۔

Mr. Speaker: Any supplementary question?

Ms. Shazia Tehmas: Yes, there is a supplementary question regarding the amendments in the 'Police Order'. محکمے نے جو جواب مجھے دیا ہے، وہ یہ ہے کہ ابھی تک اس طرح کی کوئی ترامیم نہ ہوئی ہیں اور نہ ہونگی لیکن اگر میں آپ کی توجہ، 17 جنوری کو چیف سیکرٹری صاحب کی طرف سے ایک لیٹر ایشو ہوا ہے جس میں انہوں نے یہ Clearly لکھا ہے۔

"It was decided that the proposal regarding amendments in the Article 74 of the Police Order with the view of including the names of Chief Secretary, Home Secretary and IGP in the Provincial Public Safety Commission as its members may be referred to the committee already constituted to review Police Order,2002." تو میں سمجھتی ہوں، یہ Violation ہے، محکمے کی ابھی تک اس سلسلے میں کوئی Capacity build up نہیں ہوئی ہے کہ وہ صحیح طریقے سے اپنے سوالات کے جوابات تو کم از کم دیں اور نیز میں چاہونگی کہ اس میں انکوائری ہونی چاہیئے کہ ایک ممبر کے پاس جواب یہ آتا ہے کہ پولیس آرڈر میں کوئی ترامیم نہیں ہو رہی ہے لیکن Still اس میں ابھی بھی ترامیم کی بات چل رہی ہے۔

جناب سپیکر: جی، لاء منسٹر صاحب! یہ محترمہ کیا بتا رہی ہیں؟

وزیر قانون: چونکہ ضمنی سوال میں انہوں نے یہ لیٹر ابھی Read out کیا ہے تو میں دیکھ لیتا ہوں کہ چیف سیکرٹری صاحب کے جو احکامات ہیں، اس کی قانونی حیثیت کیا ہے تو اس کے بعد بیٹھ کے ان کیساتھ بات کرلیں گے جی سیشن کے بعد۔

جناب سپیکر: جی ایک تو یہ سیفٹی کمیشن والا ذرا تیز کریں تاکہ آپ لوگوں پہ Burden کم ہو جائے۔

محترمہ شازیہ طہماس: سر، اس سلسلے میں میری گزارش ہے کہ Already یہ ٹاسک آپ نے متعلقہ کمیٹی، ہوم اینڈ ٹرائیبل آفیئرز کو Forward کیا تھا تو آپ ذرا ان سے معلومات کریں۔ چیئرمین صاحب موجود ہیں تو انہوں نے اس سلسلے میں کوئی رپورٹ بنائی بھی ہے کہ نہیں پبلک سیفٹی کمیشن کے Matters کو Investigate کرنے کیلئے؟

جناب سپیکر: بشیر بلور صاحب! یہ پہلے بھی جو میٹنگ ہم کر چکے تھے، اس پر کوئی پیشرفت ہوئی ہے؟

محترمہ شازیہ طہماس: نہیں سر، یہ ہوم اینڈ ٹرائیبل آفیئرز کو آپ نے Forward کیا تھا۔

جناب سپیکر: یہ چیئر مین صاحب بیٹھے ہیں، آپ بیٹھیں جی۔ جی چیئر مین صاحب!

جناب شاہ حسین خان: جناب سپیکر۔

جناب سپیکر: یہ شاہ حسین صاحب کا مائیک آن کریں جی، دوسرے مائیک پر چلے جائیں۔ آپ کا اپنا مائیک آن ہو گیا ادھر جائیں جی۔ (قہقہے)

جناب شاہ حسین خان: ډیره مهربانی، شکریه۔ په دیکښے مونږه په یکم جنوری باندے میټنګ کړے دے جی، آئی جی پی صاحب راغلے وو او هوم سیکرټری صاحب راغلے وو او مونږه پکښے سفارشات هم تیار کړی دی۔ انشاءالله تعالیٰ سبا خو نه کیږی او بله ورځ به ئے زهٔ په اسمبلئ کښے پیش کړمه جی۔

Mr. Speaker: Thank you, Ji. Muhtarama Shazia Bi Bi, again, Question No. 346.

* 346۔ محترمہ شازیہ طہماس: کیا وزیر داخلہ از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ صوبے کے تمام اضلاع میں پولیس آرڈر 2002 کے سیکشن 168 اور 109 کے تحت 'پولیس لیزان کمیٹی' اور 'کریمنل جسٹس کوآرڈینیشن کمیٹی' موجود ہیں؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو ان کی تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب وزیر اعلیٰ (جواب وزیر قانون نے پڑھا): (الف) پولیس آرڈر 2002 کی شق 168 کے مطابق صوبائی دارلحکومت پشاور میں 'سیٹیزن پولیس لیزان کمیٹی' ڈاکٹر ناصر الدین اعظم کی سربراہی میں قائم کی جا چکی ہے۔ مزید وضاحت کی جاتی ہے کہ 'سیٹیزن پولیس لیزان کمیٹی' کی ضلعی سطح پر قیام کے بارے میں پولیس آرڈر 2002 میں ہدایات صراحت موجود نہیں ہے۔ اسی طرح پولیس آرڈر 2002 کی شق 109 کے مطابق 'کریمنل جسٹس کوآرڈینیشن کمیٹیز' صوبے کے تمام اضلاع میں قائم ہیں۔

(ب) 'سیٹیزن پولیس لیزان کمیٹی' کے ارکان کی تفصیل مہیا کی گئی۔ پولیس آرڈر 2002 کے آرٹیکل 109 اور 110 کے مطابق 'کریمنل جسٹس کوآرڈینیشن کمیٹیز' کے تمام ممبران بلحاظ عہدہ ممبران (Ex officio members) ہوتے ہیں جن کی تفصیل درج ذیل ہے:

1۔ ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج / چیئر پرسن

2۔ ہیڈ آف ڈسٹرکٹ پولیس

3۔ ڈسٹرکٹ پبلک پراسیکیوٹر
4۔ ڈسٹرکٹ سپرٹینڈنٹ جیل
5۔ ڈسٹرکٹ پروبیشن آفیسر
6۔ ڈسٹرکٹ پے رول آفیسر
7۔ ہیڈ آف انویسٹیگیشن / سیکرٹری

Mr. Speaker: Any further supplementary?

Ms. Shazia Tehmas: Sir, I am not satisfied with the answer because یہاں پہ ان لوگوں نے مجھے یہ بتایا ہے کہ پشاور میں 'سیٹیزن پولیس لیزان کمیٹی' ڈاکٹر ناصرالدین اعظم کی سربراہی میں قائم ہو چکی ہے۔ پہلا میرا اس سے اختلاف ہے کہ اس کے جو چیئرمین ہیں، وہ جاوید صاحب کوئی ہیں، وہ اس کے چیئرمین ہیں، ڈاکٹر ناصرالدین اعظم، I don't know کہ یہ کون صاحب ہیں؟ لہذا ایک تو یہ غلطی ہے۔ Secondly، 'سیٹیزن پولیس لیزان کمیٹی' کی ضلعی سطح پر قیام کے بارے میں پولیس آرڈر میں ہدایات و صراحت موجود نہیں، یہ بالکل غلط بات ہے۔ اگر آپ متعلقہ، یہ پولیس آرڈر میں اپنے ساتھ لے کر آئی ہوں جی، اس میں آرٹیکل نمبر 168 ہے جس میں 'سیٹیزن پولیس لیزان کمیٹی' ہے، "The Government may establish Citizen Police Liaison Committees as voluntarily, self financing and autonomous body in consultation with the National Police Public Safety Commission"، یہاں پر لفظ 'کمیٹی' کا نہیں، 'کمیٹیز' کا ذکر ہوا ہے، لہذا اس سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ صوبائی سطح پر مزید یہ کمیٹیاں بننی چاہئیں، یہ لازمی نہیں ہے کہ صرف آپ ایک کمیٹی بنا کے بری الذمہ ہو جائیں۔ نیز اس حوالے سے UNDP نے اس پر باقاعدہ ایک ریسرچ پیپر تیار کیا تھا، 'ماڈل بائی لاز' بھی تیار کئے تھے جو کہ Approve بھی ہو چکے تھے جس میں یہ کہا گیا تھا کہ پچھلے Tenure میں آپ ہر ضلع کی سطح پر 'پولیس لیزان کمیٹیز' بنائیں گے۔ چھ سالوں میں ہوم ڈیپارٹمنٹ کو اتنی کسی نے توفیق نہیں دی کہ ایک پشاور کے علاوہ بھی یہ کمیٹیاں بنا سکے؟ مجھے اس کا جواب چاہیئے۔

جناب سپیکر: جی لاء منسٹر صاحب! یہ جو ناصرالدین اعظم صاحب ہیں، یہ تو پرانا والا کچھ چیز لگ رہا ہے، 2004 والا، اب بھی وہی ہے؟

وزیر قانون: میرے خیال میں جی یہ انہوں نے پہلے بھی۔۔۔۔

جناب سپیکر: ابھی تو نیا کوئی آیا ہے کہ وہی ہے ؟

وزیر قانون: وہی چل رہا ہے جی۔ اگر میرے خیال میں یہ کمیٹی کو سونپ دیا جائے تو ہمیں کوئی اعتراض نہیں ہوگا تاکہ مکمل Facts اس کے ڈھونڈ لیں اور جو بھی Recommendations ہونگیں، انشاء اللہ We will accept that، ٹھیک ہے جی۔

جناب سپیکر: نہیں، یہ جو باڈی اس کیلئے بنی ہے، وہ فوری اپنی Nomination کر لے تاکہ کمیٹی Complete ہو جائے، اس پر ذرا Stress کر لیں۔ ان کا دوسرا سوال آ رہا ہے نا۔

محترمہ شازیہ طہماس: اس کا جو (ب) جز ہے، اس میں انہوں نے کہا ہے 'سٹیزن پولیس لیزان کمیٹیز' کی تفصیل درج ذیل ہے، سر، کریمنل جسٹس کوآرڈینیشن ایک اور کمیٹی ہے جی جس میں باقاعدہ ہیڈ آف ڈسٹرکٹ پولیس، ڈسٹرکٹ پبلک پراسیکیوٹر، سپرنٹنڈنٹ جیل، پروبیشن آفیسر اور پے رول آفیسر جو ہیں ڈسٹرکٹ کے، وہ اس میں ممبر ہوتے ہیں۔ انہوں نے کہا ہے کہ اس کی تفصیل درج ذیل ہے لیکن پیچھے مجھے کوئی تفصیل نہیں دی گئی۔ مہربانی فرمائیں اس کی ہر ضلع کی سطح پر انہوں نے جو کمیٹیاں بنائی ہوئی ہیں، اس کی تفصیل مجھے فراہم کی جائے۔

جناب سپیکر: شاہ حسین صاحب! کچھ ہے آپ کے Knowledge میں، یہ کیا بات ہو رہی ہے؟ آپ لوگوں نے تو اس پر کافی میٹنگز کی ہیں۔ شاہ حسین صاحب چیئرمین صاحب ہیں ہماری کمیٹی کے، ان کا مائیک آن کریں۔

جناب شاہ حسین خان: دا جی ما تاسو ته اووئیل کنه، دا ټولے خبرے چه کومے دی، د دے درے واړو سوالاتو جوابات چه مونږه بله ورځ کوم رپورټ پیش کوؤ، هغے کښے دا ټول شته دے جی۔

جناب سپیکر: دا دومره Delay ولے کوئ تاسو؟

جناب شاہ حسین خان: مونږ نه دے کړے جی۔ مونږ پکښے په دے یکم تاریخ باندے میټنګ کړے دے، اوس هغه د اخبار اشتهارات۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: ګورنمنټ ته به هم سپورټ ملاؤ شی، کیدے شی Improvement لږ څه ورسره راشی۔

